پریس ریلیز

# اے افواجِ پاکستان! حرکت میں آؤ! غزہ کے قتل عام پر آپ کی خاموشی آپ کے لیے دنیا اور آخرت کی تباہی ہے!

پاکستان نے 12 فروری کو غزہ کے شہر رفاہ میں صیہونی وجود کے تازہ ترین فوجی حملے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا، "ہم بین الاقوامی برادری بالخصوص اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل پر زور دیتے ہیں کہ وہ اسرائیلی جارحیت اور انسانیت کے خلاف اس کے مسلسل جرائم کو فوری طور پر بند کرنے کے لیے فوری اقدامات کرے۔"

رفاہ میں لاکھوں فلسطینی مسلمانوں نے یہودی وجود کے ہاتھوں قتل عام سے بچنے کے لیے پناہ لی ہوئی ہے۔ اقوام متحدہ نے پیر کے زور یہ کہا کہ رفاہ میں بھرپور "اسرائیلی" کارروائی بہت خوفناک ہو گی اور اس کے نتیجے میں بہت زیادہ ہلاکتیں ہوں گی۔ غزہ میں چار مہینے سے زیادہ عرصے سے جاری یہودی وجود کی فوج کشی کے نتیجے میں 27 ہزار سے زیادہ مسلمان شہید ہو چکے ہیں، اور لاکھوں مسلمانوں کے لیے رفاہ آخری پناہ گاہ ہے جو مصری سرحد کے ساتھ ہے۔ اب اگر اس پر بھی یہودی وجود بھرپور حملہ کر دیتا ہے تو مسلمانوں کے لیے کوئی اور جگہ نہیں رہتی جہاں وہ منتقل ہوں سکیں کیونکہ ان کی پشت پر مصر کی سرحد ہے جس کو مصر کے فرعون سیسی نے ایک بلند اور مضبوط دیوار سے بند کر رکھا ہے۔

اس انتہائی سنگین صورتحال میں جب یہ بالکل صاف نظر آرہا ہے کہ یہودی وجود مزید ہزاروں مسلمانوں کو شہید کرنے پر تلا بیٹھا ہے، مسلم دنیا کی سب سے بڑی فوجی طاقت اور مسلم دنیا کی واحد ایٹمی قوت، پاکستان کی جانب سے یہودی وجود کی مذمت اور بین الاقوامی برادری سے التجائیں کرنا کہ وہ اس خوفناک المیے کو ہونے سے روکے، کسی بھی صورت اس کے شایان شان نہیں بلکہ اس کے لیے انتہائی شرم کا مقام ہے۔

یہودی وجود اس وقت ایک پاگل کتا ہے جس کے شر سے محفوظ رہنے کے لیے مذمت یا التجائیں قطعی کام نہیں آئیں گی۔ پاگل کتے کے شر سے محفوظ رہنے کا صرف ایک ہی طریقہ ہوتا ہے کہ اسے گولی مار کر موت کی نیند سلا دیا جائے۔ اللہ سبحانہ و تعالیٰ نے پاکستان کو اس صلاحیت سے نوازا ہے کہ وہ اس پاگل کتے کو اس کے انجام تک پہنچا دے، لہٰذا اگر پاکستان ایک سنجیدہ دھمکی ہی دے دے تو یہودی وجود فوجی جارحیت سے رک جائے گا، اور افواج پاکستان کے اپنے اسلحے کے ذخیرے میں موجود صرف کسی ایک ہتھیار کو استعمال کر لے تو یہ ناپاک وجود کے خاتمے کے لیے کافی ہو گا۔

**اے افواج پاکستان حرکت میں آؤ!** غزہ میں مسلمانوں کے قتل عام پر آپ کی خاموشی آپ کے لیے دنیا و آخرت میں شرمندگی اور تباہی کا باعث بن رہی ہے۔ غزہ کے معصوم بچے، عورتیں آپ کو پکار رہے ہیں، اور آپ کے حرکت میں نہ آنے کی وجہ سے شہید ہوتے جا رہے ہیں۔ فلسطین کے مسلمانوں کی عظیم استقامت نے انہیں دنیا کے مسلمانوں اور یہاں تک کے عام کافر عوام کے نظروں میں ہیرو بنا دیا ہے، اور ان کی شہادت انہیں آخرت میں جنت کا حقدار بنا رہی ہے۔ لیکن آپ کی خاموشی، دنیا میں آپ کے رعب و دبدبے اور عزت

کو ملیا میٹ کر رہی ہے اور آخرت میں اللہ سبحانہ و تعالیٰ کے غضب کا حقدار بنا رہی ہے، اور اللہ کے غضب کے شکار بندے کا کوئی ٹھکانہ نہیں ہوتا، سوائے جہنم کے!

**اے افواج پاکستان حرکت میں آؤ!** حکمرانوں کی جانب سے حرکت میں آنے کے احکامات کا انتظار مت کرو، کیونکہ انہوں نے یہود کے ہاتھوں ہزاروں مسلمانوں کی شہادت کا مشاہدہ کرنے کے بعد بھی "دو ریاستی حل" کی حمایت کر کے امریکہ اور یہودی وجود کو اللہ سبحانہ و تعالیٰ، اس کے رسول ﷺ، اور مسلمانوں کے ساتھ اپنی غداری کی یقین دہانی کرا دی ہے۔

**اے افواج پاکستان حرکت میں آؤ**، ان حکمرانوں کو اکھاڑ پھینکو جو تمہیں اپنے ساتھ جہنم لے جانے کا پورا بندوبست کر چکے ہیں، اور نبوت کے نقش قدم پر خلافت کے قیام کے لیے حزب التحریر کو نصرۃ فراہم کرو۔ پھر خلیفہ راشد آپ کو دنیا و آخرت کی کامیابی کے لیے مظلوم مسلمانوں کی حمایت میں حرکت میں آنے کا حکم جاری کرے گا۔ اور یاد رکھو کہ اللہ سبحانہ و تعالیٰ اس دنیا میں اپنے بندوں کی مدد ضرور کرتا ہے۔ ﴿**يَآأَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنْ تَنْصُرُوا اللّٰهَ يَنْصُرْكُمْ وَيُثَبِّتْ اَقْدَامَكُمْ**﴾ **"اے ایمان والو! اگر تم اللہ کی مدد کرو گے تو وہ بھی تمہاری مدد کرے گا اور تم کو ثابت قدم رکھے گا۔"** (محمد، 47:7)

# ولایہ پاکستان میں حزب التحریر کا میڈیا آفس